آپو ورلڈ نیوز
APOO WORLD NEWS

خصوصی نیوز

قطر میں کمشنر برائے سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر انعام الحق جاوید کی پاکستانی کمیونٹی کے اعلی عہدیدران سے ملاقات

قطر کے دارالحکومت دوحہ میں ڈاکٹر انعام الحق جاوید کمشنر برائے سمندر پار پاکستانی دفاتر محتسب اعلی اسلام آباد پاکستان سے ذاتی حیثیت میں تشریف لائے تھے۔ تو آل پاکستانیز اوورسیز آرگنائزیشن انٹرنیشنل (آپوورلڈ) کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں انکے اعزاز میں عصرانہ دیا گیا۔ اس موقع پر قطر کی معروف صحافتی شخصیت اشرف صدیقی نے معزز مہمان کو خوش آمدید کہا اور قطر میں موجود کمیونٹی کے مقامی عہدیداروں کا مختصر تعارف کروایا۔ جن میں آپوورلڈ کے مرکزی چیئرمین زاہد شیخ، آپو ورلڈ کے قائمقام صدر برائے قطر افتخار الدین چوہدری، یوتھ ونگ کے کوآرڈینیٹر عاقب یحیی، قطر ایئرویز سے قیصر خان، چیرمین برائے قطر پشتون کمیونٹی ملک ناور خان وزیر اور انکے دیگر ساتھی جلال الدین، عبداللہ، ناصر وزیر اور استاد رضا حسین رضا بھی اس ملاقات میں موجود تھے۔ اس موقع پر کمشنر برائے سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر انعام الحق جاوید نے اپنے محکمے کا تعارف اور انکے پیشہ ورانہ امور پر روشنی ڈالی۔ اسکے ساتھ ساتھ انکی ذمہ داریوں بارے کیمونٹی کو آگاہ کیا۔ بعد ازاں تقریب میں شریک تمام ممبران نے معزز مہمان کی خدمت میں کیمونٹی کے چیدہ چیدہ مسائل پر بڑی تفصیل اور جامع انداز میں قطر میں موجود پاکستانی کمیونٹی کے مسائل اور انکے حل پر معزز مہمان سے گفتگو کی۔ نیز پاکستان میں بھی اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کو حل کروانے پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر معزز مہمان نے کیمونٹی ممبران کو یقین دلایا کہ وہ یہاں تک بھی ممکن ہو سکا آپکے مطالبات وطن واپس جا کر اعلی حکام کے سامنے رکھیں گے اور اپنے ادارے وفاقی محتسب اعلی کی وساطت سے اسکو جلد از جلد حل کروانے میں اہم کردار ادا کرینگے۔